بسم اللہ الرحمن الرحیم

# رات کے وقت غسل کرنا

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

## سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیانِ شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ رات کے وقت غسل کرنا کیسا؟

## جواب

رات کے وقت غسل کرنا شرعاً جائز ہے، اس میں کوئی حرج نہیں، بلکہ احادیثِ مبارکہ سے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا رات کے وقت غسل فرمانا ثابت ہے۔

**صحیح مسلم شریف میں روایت ہے، حضرت عبداللہ بن ابی قیس رحمہ اللہ فرماتے ہیں:** ”سألت عائشة عن وتر رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم, فذكر الحديث۔ قلت: كيف كان يصنع في الجنابة؟ أكان يغتسل قبل أن ينام أم ينام قبل أن يغتسل؟ قالت: كل ذلك قد كان يفعل، ربما اغتسل فنام، وربما توضأ فنام، قلت: الحمد لله الذي جعل في الأمر سعة“ *ترجمہ: میں نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے وتر کے بارے میں پوچھا، پھر انہوں نے پوری حدیث بیان کی۔ اس کے بعد میں نے عرض کیا: جنابت کی حالت میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا معمول کیا تھا؟ کیا آپ سونے سے پہلے غسل فرمالیتے تھے یا غسل سے پہلے سوجاتے تھے؟ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: آپ دونوں طرح عمل فرماتے تھے، کبھی غسل فرما کر سوتے تھے اور کبھی وضو کرکے سوتے تھے۔ میں نے کہا: تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے ہیں جس نے اس معاملے میں وسعت رکھی۔* **(صحیح مسلم، رقم الحدیث 307، ص 129، دار الکتب العلمیۃ، بیروت)**

**سنن النسائی میں روایت ہے:** ”عن غضيف بن الحارث: أنه سأل عائشة رضي اللہ عنها: أي الليل كان يغتسل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قالت: «ربما اغتسل أول الليل، وربما اغتسل آخره» قلت: الحمد لله الذي جعل في الأمر سعة“ *ترجمہ: غضیف بن الحارث رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے پوچھا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رات کے کس حصے میں غسل فرماتے تھے؟ انہوں نے فرمایا: کبھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم رات کے شروع میں غسل فرماتے اور کبھی رات کے آخر میں۔ میں نے کہا: تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جس نے اس معاملے میں وسعت رکھی ہے۔* **(سنن النسائی، رقم الحدیث 222، ص 58، دار ابن کثیر)**

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

**مجیب: مولانا محمد فرحان افضل عطاری مدنی**

فتوی نمبر: WAT-5240

تاریخ اجراء: 09صفر المظفر1448ھ/23جولائی2026ء

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net